# عکس و آواز

ویب سائٹ: www.jamaat.org [جماعت اسلامی پاکستان]

جماعت اسلامی پاکستان کی سرگرمیوں کی تفصیلات کو اس کی ویب سائٹ پر دیکھا جاسکتا ہے۔ اکثر ویب سائٹس کی طرح یہ بھی انگریزی میں ہے‘ تاہم اس میں کچھ چیزیں اُردو میں بھی دستیاب ہیں۔ اس سائٹ میں Overview کے تحت ایک عمومی جائزے میں جماعت اسلامی کے اغراض و مقاصد اور طریق کار‘ جماعت کے وژن اور تبدیلی کے لیے طریق کار سے متعلق تحریریں اور جماعت کا دستور موجود ہے۔ جماعت کے بارے میں بنیادی معلومات بھی دستیاب ہیں۔ آخر میں بانی جماعت سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی حیات و خدمات پر ایک تحریر ہے۔ اس سیکشن کے تحت قومی‘ ملّی اور بین الاقوامی موضوعات پر جماعت کے نقطۂ نظر پر مبنی تحریریں بھی موجود ہیں۔ پھر JI Media-News کے زیرعنوان دنیا کے مختلف ایشوز پر جماعت کے نقطۂ نظر کی وضاحت مختلف مضامین کی صورت میں ہے‘ جو جماعت کے ذمہ داران اور قیادت کی جانب سے تحریر کیے گئے ہیں۔

اس ویب سائٹ میں سب سے اہم حصہ Q&A ‘یعنی سوالات و جوابات کا ہے۔ بذریعہ ای میل دنیا کے کسی بھی حصے سے جماعت کی قیادت/ ذمہ داران سے جماعت‘ اسلام‘ پاکستان اور عالم اسلام سے متعلقہ کوئی بھی سوال پوچھا جاسکتا ہے جس کا جواب سوال کے ساتھ درج کر دیا جاتا ہے۔ ای-میل ایڈریس: qa@jamaat.org پر سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔

جماعت اسلامی کی ۵۰ سالہ سرگرمیوں اور خدمات سے متعلق ایک سیکشن میں مختلف تحریریں موجود ہیں جو بنیادی طور پر ترجمان القرآن میں ’اشارات‘ (اداریہ) کے عنوان سے شائع ہوتی رہی ہیں۔ جماعت کے قائدین کا تفصیلی تعارف با تصویر بھی دیا گیا ہے۔ دعوتِ دین کے حوالے

سے آٹھ مختلف تحریریں موجود ہیں (بچوں کے لیے اسلام' اسلام اور خواتین' اسلام اور انسانی حقوق' اسلام اور عائلی زندگی' اسلامی طرزِ حیات' محمدؐ کون ہیں؟ اسلام کے سماجی اصول اور حسن البنا شہیدؒ کے مسلمان طالب علم کو خطوط)۔

'Isharat' کے تحت ترجمان القرآن میں ۲۰۰۳ء سے اب تک شائع ہونے والے 'اشارات' کا انگریزی ترجمہ موجود ہے' نیز انڈیکس بھی ہے جس کے ذریعے مختلف مہینوں کے اشارات دیکھے جاسکتے ہیں۔ مناسب ہوگا کہ اسے ماہنامہ ترجمان القرآن کی ویب سائٹ سے بھی لِنک کر دیا جائے۔ The Founder سیکشن میں بانیِ جماعت کے بارے میں ایک تفصیلی تحریر دستیاب ہے۔ اس ویب سائٹ میں ایک دل چسپ موضوع Digest کے عنوان سے ہے جس میں بیش تر انگریزی' جب کہ کچھ تحریریں اُردو میں بھی ہیں۔

آڈیو سیکشن میں مختلف قائدین کی تقریروں' انٹرویو اور مرکز جماعت میں جمعہ کے خطبات کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ صوتی ریکارڈ بذریعہ انٹرنیٹ آپ سماعت فرما سکتے ہیں۔ وڈیو سیکشن میں آخری کُل پاکستان اجتماع عام کی مکمل کوریج موجود ہے۔ Feed Back کے تحت انٹرنیٹ کے استعمال کنندگان سے اگر وہ چاہیں تو اپنی رائے دینے کے لیے ایک فارم بنایا گیا ہے۔ ایک سیکشن Useful Links کا ہے جس میں جماعت کے ذرائع ابلاغ کے ساتھ ساتھ برادر تنظیمات نیز' جسارت' نوائے وقت اور جنگ کے Links بھی شامل ہیں اور یہاں سے آپ ان اخبارات کی ویب سائٹس تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔ News Update کے نام سے ایک اور سیکشن ہے جہاں سے جماعت سے متعلقہ تازہ ترین خبریں حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم ایک کمی اس سائٹ میں یہ محسوس ہوتی ہے کہ اس میں تازہ ترین تفصیلات دستیاب نہیں ہیں جن سے ہی کوئی دیکھنے والا اس کے ان خزانوں تک راستہ پاسکتا ہے۔ (محمد الیاس انصاری)